**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36۔ کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

**15-ستمبر 2021**

# پریس ریلیز

## مذہب زبردستی تبدیل کرانااور اسلام قبول کرنے پر کسی نوع کی قدغن لگانادونوں غلط ہیں۔

**لاہور(پ ر)** مذہب زبردستی تبدیل کرانااور اسلام قبول کرنے پر کسی نوع کی قدغن لگانادونوں غلط ہیں۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہاکہ اِس میں کوئی شک نہیں کہ اگرچہ اللہ تعالیٰ قرآن پاک میں واضح طور پر فرماتا ہے کہ دین (قبول کرنے) میں کوئی زبردستی نہیں ہے۔ لیکن اللہ تعالیٰ اپنے انبیاء کواور اُن کے پیروکاروں کو دینِ حق کے ابلاغ کا حکم دیتا ہے، لہٰذا اسلام کی تبلیغ کرنے اور اُسے قبول کرنے پر عمر یا کسی اور قسم کی قدغن لگانا شرعی طور پر جائز نہیں۔ اِسی طرح ایسا قانون بنانا جس سے برضاو رغبت اسلام قبول کرنے میں کوئی رکاوٹ حائل ہو جائے، یہ بھی قرآن اور سنت کی صریحاً خلاف ورزی ہے۔ اُنھوں نے کہاکہ وزارتِ انسانی حقوق کو یہ یاد دلانے کی ضرورت ہے کہ ان کا تعلق مملکتِ خداداد پاکستان سے ہے اور پاکستان اسلام کی بنیاد پر قائم ہوا تھا۔ جس کے آئین میں واضح طور پر درج ہے کہ کوئی قانون سازی قرآن وسنت کے منافی نہیں ہو سکتی۔ لہٰذا اِس وزارت کو مغرب اور دوسرے اسلام دشمن ممالک سے رہنمائی لینے کی بجائے تمام اُمور کی انجام دہی نظریہ پاکستان کو پیش نظر رکھتے ہوئے کرنی چاہیے۔ اُنھوں نے وزارت مذہبی اُمور کی جانب سے علماء کو اعتماد میں لینے کے قدم کی تائید کی۔ اُنھوں نے کہاکہ یہ چونکہ انتہائی احساس مسئلہ ہے لہٰذا مذکورہ وزارت کو اپنے مشورے کا دائرہ کار بڑھانا چاہیے اور تمام مکتبہ فکر کے جید علماء سے وسیع پیمانے پر مشاورت کرنا چاہیے تاکہ یہ حساس مسئلہ ملک میں کسی انتشار اور افتراق کا باعث نہ بنے۔

**جاری کردہ**

**ایوب بیگ مرزا**

**مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان**

# TANZEEM-E-ISLAMI

**PRESS RELEASE: 15 September 2021**

## "Forcing to convert religion, and, creating hurdles in the way of reverting to Islam are both erroneous ways."

**Lahore (PR): "Forcing to convert religion, and, creating hurdles in the way of reverting to Islam are both erroneous ways."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer noted that while Allah *(SWT)* ordains in the Holy Qur'an that there is no compulsion (in acceptance) of religion, Allah *(SWT)* has explicitly and unequivocally commanded His *(SWT)* prophets *(AS)* and their *(AS)* followers to propagate the Deen of Truth (Islam). Therefore, the Ameer said, putting restrictions of any kind on the propagation of Islam or creating obstacles in the way of reverting to Islam, whether those restriction are related to age or any other feature, would be considered in stark violation to the Islamic Shariah. Similarly, the Ameer remarked, even considering bringing such a legislation that creates even the smallest of hurdle in the way of reversion to Islam, with free will and without coercion, would be explicitly in violation to the edicts of the Qur'an and Sunnah. He remarked that the Ministry of Human Rights ought to be reminded that it belongs to the God-given Islamic Republic of Pakistan and Pakistan was created on the basis of Islam. It is clearly mentioned in the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan that no legislation shall be done repugnant to the Qur'an and Sunnah. Therefore, the Ameer asserted, instead of taking 'guidance' from the West and other enemies of Islam, the aforementioned ministry should keep the Ideology of Pakistan at the core as well as the fore when performing its functions and carrying out its business. The Ameer approved of the step taken by the Ministry of Religious Affairs to take Ulema (religious scholars) into confidence on this matter. The Ameer concluded by emphasizing that owing to the sensitive nature of this matter, the Ministry of Religious Affairs should broaden and enhance the scope of consultation, taking on board eminent Ulema (religious scholars) belonging to all schools of religious thought so that this sensitive matter does not become a cause of bedlam and disagreement in the country.

**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**Markazi Nazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**